بسم اللہ الرحمن الرحیم

إِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَآءُ عَسٰى أَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُودًا

ٹیلیفون: ۴۴۹

روزنامہ الفضل ربوہ

ایڈیٹر: مسعود احمد دہلوی

جلد ۳۲ ○ سوموار ۲۴ صفر المظفر ۱۴۰۲ھ، ۲۱ فتح ۱۳۶۰ ہش، ۲۱ دسمبر ۱۹۸۱ء ○ نمبر ۲۹۱

اخبارِ احمدیہ

ربوہ: ۱۹ فتح / دسمبر۔ سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے متعلق محترم ڈاکٹر صاحبزادہ مرزا منور احمد صاحب کی مرسلہ آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ:۔

حضور ایدہ اللہ کو تا حال ضعف کی تکلیف ہے

احباب کرام خاص توجہ اور التزام سے دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضور ایدہ اللہ کو صحت کامل و عاجل عطا کرے اور آپ کو روح القدس کی تائید و حمایت سے سرفراز کرتا چلا جائے۔ آمین۔

کل ۱۸ دسمبر کو حضور ایدہ اللہ نے ناسازیٔ طبع کے باوجود مسجد اقصیٰ میں تشریف لا کر نماز جمعہ پڑھائی۔ نماز سے قبل حضور نے جلسہ سالانہ (جس کے شروع ہونے میں اب چند دن باقی رہ گئے ہیں) کی عظیم الشان برکات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے احباب کو اس ضمن میں ان کی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلائی اور علی الخصوص ان ایام میں جلسہ کی ہمہ وجوہ کامیابی کے لئے اور اس کی برکات سے مستفیض ہونے کے لئے دعائیں کرنے کی تحریک فرمائی۔ نیز احباب کو اس طرف بھی توجہ دلائی کہ وہ نوع انسانی (جو تیزی سے تباہی کی طرف بڑھ رہی ہے) کی بقاء اور اس کے سر پر منڈلانے والے مہیب خطرات کے دُور ہونے کے لئے بھی خصوصیت سے دعائیں کریں۔

ربوہ: ۱۹ فتح / دسمبر۔ حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے بہتر ہے۔ احباب جماعت حضرت سیدہ کی صحت کاملہ و عاجلہ اور صحت و عافیت کے ساتھ درازیٔ عمر کے لئے بالالتزام دعائیں کرتے رہیں۔

جماعتِ احمدیہ کا نواسی واں جلسہ سالانہ

سیدنا حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی اجازت سے اعلان کیا جاتا ہے کہ امسال جماعتِ احمدیہ کا نواسی واں سالانہ جلسہ ۲۶-۲۷-۲۸ فتح ۱۳۶۰ ہش (دسمبر ۱۹۸۱ء) بروز ہفتہ۔ اتوار۔ سوموار ربوہ میں منعقد ہوگا۔ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ

احباب اس بابرکت جلسہ میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شمولیت فرمائیں!

(ناظر اصلاح وارشاد)

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کے سلسلہ میں

ضروری اعلان

احباب جماعت کی اطلاع کے لئے اعلان کیا جاتا ہے کہ جلسہ سالانہ اور دیگر مصروفیات کی بناء پر تا اطلاع ثانی حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ہر طرح کی ملاقات بند رہے گی۔

(پرائیویٹ سیکرٹری)

حاضرینِ جلسہ کیلئے حضرت اقدس کی دُعائیں

Digitized by Khilafat Library Rabwah

حضرت اقدس فرماتے ہیں۔

"ہر یک صاحب جو اس للّٰہی جلسہ کیلئے سفر اختیار کریں خدا تعالیٰ ان کے ساتھ ہو اور ان کو اجر عظیم بخشے اور اُن پر رحم کرے اور ان کی مشکلات اور اضطراب کے حالات ان پر آسان کر دیوے اور ان کے ہم و غم دور فرماوے اور ان کو ہر یک تکلیف سے مخلصی عنایت کرے اور ان کی مرادات کی راہیں ان پر کھول دیوے اور روز آخرت میں اپنے اُن بندوں کے ساتھ اُن کو اٹھاوے جن پر اس کا فضل و رحم ہے اور تا اختتام سفر اُن کے بعد اُن کا خلیفہ ہو۔ اے خدا اے ذوالمجد والعطاء اور رحیم اور مشکل کشا یہ تمام دعائیں قبول کر اور ہمیں ہمارے مخالفوں پر روشن نشانوں کے ساتھ غلبہ عطا فرما کہ ہر یک قوت اور طاقت تجھ ہی کو ہے۔ (اٰمین ثم اٰمین)"

(اشتہار ۷ دسمبر ۱۸۹۲ء)

احباب سے درخواست ہے کہ وہ جلسہ سالانہ میں شریک ہو کر اور اس سے پورا پورا فائدہ اٹھا کر حضور اقدس کی ان دردمندانہ اور دلی دعاؤں سے فیضیاب ہوں (ناظر اصلاح وارشاد)

اللہ جزا دے

ماں کی جدائی — آناً فاناً جدائی پر — بے انتہا پیار کرنے والی ماں، ہمارے دُکھ درد میں ہماری تسکین، نیم شب ہمارے لئے آستانۂ الوہیت پر سجدہ ریز ہونے والی ماں کی اپنے مولیٰ رفیق اعلیٰ کے حضور حاضری پر — دل غمگین، آنکھیں اشکبار ہیں — لیکن خدا تعالیٰ کی رضا پر راضی ہیں۔

جماعت کے چھوٹوں، بڑوں، بھائیوں، بہنوں نے اس عظیم صدمہ میں حضرت بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ اور حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے وابستگی کے رشتہ کی وجہ سے ہمیں گلے لگا لگا کر، محبت بھرے خطوط کے ذریعہ تعزیت فرما کر ہماری ٹوٹی ہوئی ہمت کی ڈھارس بندھائی۔ اور وفات سے قبل بیماری میں جس پیار، محبت، خلوص اور تعاون کا اظہار فرمایا (پاکستان اور بیرونِ پاکستان سے پیارے بہن بھائیوں اور بزرگوں کی طرف سے اظہار خلوص و غمخواری کا سلسلہ ابھی جاری ہے) اس پر ہم فرداً فرداً سب کا شکریہ ادا کرنے کی ابھی ہمت نہیں پاتے۔ ہم صرف خدا کے حضور دعا ہی کر سکتے ہیں کہ وہ اپنی جناب سے سب بھائیوں اور بہنوں کو اس پیار اور محبت کی احسن جزاء دے، دین و دنیا میں ان کا حافظ و ناصر ہو، ان کی مصیبتوں کو دُور کرے اور اپنے فضل کی بارش ان پر برسائے۔

ہم آپ سب کی خدمت میں یہ درخواست بھی کرتے ہیں کہ ہمارے لئے دعا کریں کہ خدا تعالیٰ ابا حضور (ایدہ اللہ تعالیٰ) کی عمر اور صحت میں برکت دے، ہمیں ان کی خدمت کی توفیق بخشے اور ہم سے وہ کام لے جو اُس کی رضا کا موجب ہوں۔

نیز اس نوٹ کے ذریعہ ہم اُن تمام دوستوں کا جن میں ڈاکٹر صاحبان خصوصاً محترم ڈاکٹر صاحبزادہ مرزا منور احمد صاحب، ڈاکٹر صاحبزادہ مرزا مبشر احمد صاحب، محترم ڈاکٹر مسعود الحسن صاحب نوری، محترم ڈاکٹر لطیف احمد صاحب قریشی اور ربوہ، فیصل آباد، لاہور، راولپنڈی، کراچی اور جماعت احمدیہ انگلستان کے احباب، اسی طرح مغربی جرمنی کے مبلغ انچارج شامل ہیں (جو روزانہ ٹیلکس پر ہدایات لے کر بیرون پاکستان کے احباب کو اطلاعات دیتے رہے اور دواؤں وغیرہ کی بروقت فراہمی کا انتظام فرماتے رہے) کا خلوصِ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے بیماری کے دوران دن رات ایک کر کے امی کی خدمت میں ہمارا ہاتھ بٹایا۔ فَجَزَاهُمُ اللّٰهُ أَحْسَنَ الْجَزَاءِ۔

احباب جماعت کی دُعاؤں کے طالب

مرزا انس احمد مع بیگم
مرزا فرید احمد مع بیگم
مرزا لقمان احمد مع بیگم
امۃ الشکور بیگم
امۃ الحلیم بیگم و مرزا مجیب احمد

رجسٹرڈ نمبر ایل: ۵۲۵۴، پبلشر: مسعود احمد، پرنٹر: سید عبد الحی، مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ، مقامِ اشاعت: دفتر روزنامہ الفضل دار الرحمت غربی ربوہ، قیمت: ۵۵ پیسے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

روزنامہ الفضل ربوہ

۲۳ صفر ۱۴۰۲ھ

۲۱ فتح ۱۳۶۰ ہش

جلسہ سالانہ کی بنیادی اغراض

اور

ان کا لازمی تقاضا

ہمارے مقدس و بابرکت جلسہ سالانہ کی بنیاد جن ارفع و اعلیٰ دینی مقاصد کے پیش نظر آج سے نوّے سال قبل رکھی گئی تھی۔ خلاصۃً" انہیں تین حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے اور وہ یہ ہیں:۔

پہلی بنیادی غرض یہ ہے کہ تا افراد جماعت کے معلومات دینی وسیع ہوں۔ ان کا علم اور معرفت ترقی پذیر ہو، وہ یقین کامل سے مالامال ہوکر ذوق و شوق اور ولولۂ عشق سے ہمیشہ سرشار رہیں۔ مراد یہ کہ ان میں ایسی پاک تبدیلی رونما ہو کہ دنیا کی محبت ٹھنڈی پڑے اور اپنے مولےٰ کریم اور رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کی محبت دل پر غالب آئے اور انہیں ایسی حالت انقطاع میسر آجائے کہ جس سے سفر آخرت مکروہ معلوم نہ ہو۔

دوسری بنیادی غرض یہ ہے کہ تا دنیا بھر میں دین حق کو غالب کرنے کی تدابیر حسنہ سوچی جائیں اور انہیں بروئے کار لانے کے ذرائع پر غور کیا جائے۔

تیسری غرض یہ ہے کہ اس عظیم مقصد میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے اللہ تعالےٰ کے حضور اجتماعی طور پر دعائیں کرکے تائید و نصرت الٰہی کے حصول کے لئے اپنے قادر و عزیز اور قدیر و مقتدر خدا کے حضور گریہ وزاری کی جائے کیونکہ سب کچھ اسی کی دی ہوئی توفیق پر منحصر ہے نہ کہ ہماری اپنی تدبیروں اور کوششوں پر۔

خود جلسۂ سالانہ کی ان ہر سہ اغراض کا بتمام و کمال پورا ہونا خدائی تائید و نصرت کے بغیر ممکن نہ تھا اس لئے سیدنا حضرت اقدس نے ان اغراض کی تکمیل کے لئے اس میں شرکت کرنے والے خوش نصیب انسانوں کے لئے بہت درد و الحاح سے دعائیں کیں اور انہیں یہ تسلی دی کہ

"اس جلسہ میں ایسے حقائق اور معارف سنانے کا شغل رہے گا جو ایمان اور یقین اور معرفت کو ترقی دینے کے لئے ضروری ہیں اور نیز ان دوستوں کے لئے خاص دعائیں اور خاص توجہ ہوگی اور حتی الوسع بدرگاہِ ارحم الراحمین کوشش کی جائے گی کہ خدا تعالےٰ اپنی طرف ان کو کھینچے۔"

سیدنا حضرت اقدس کی یہ دعائیں جناب الٰہی میں مقبول ہوئیں چنانچہ اس مبارک و مقدس جلسہ کی ہر سہ بنیادی اغراض گزشتہ نوے سال سے بتمام و کمال پوری ہوتی چلی آرہی ہیں۔ اس میں اہم دینی موضوعات پر علماء سلسلہ کی ایمان افروز تقاریر اور سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کے روح پرور اور ولولہ انگیز خطابات سے وہ سماں بندھتا ہے کہ ہر دل یہ محسوس کئے بغیر نہیں رہتا کہ علوم و معارف کے دریا بہہ رہے اور روحوں کو سیراب کر رہے ہیں۔ دل یقین کامل سے مالامال اور ذوق و شوق اور ولولۂ عشق سے سرشار ہوئے بغیر نہیں رہتے۔ دلوں پر اپنے مولےٰ کریم اور رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کی محبت ایسا غلبہ و استیلاء پکڑتی ہے کہ حالت انقطاع میسر ہوئے بغیر نہیں رہتی۔ بالخصوص دنیا بھر میں دین حق کے غلبہ کی مہم میں نئی کامیابیوں، کامرانیوں، پیشقدمیوں اور خدائی وعدوں کے پورا ہونے کا ذکر سنکر روحوں پر وجد کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔ اسی طرح درد و سوز میں ڈوبی ہوئی اجتماعی دعائیں نصرت الٰہی کو جذب کرنے کا موجب بنتی ہیں۔

جلسہ تو ہر سال ہی عظیم الشان برکات لے کر آتا ہے اور اس میں شرکت کرنے والے لاکھوں انسان ان عظیم الشان برکات سے مستفیض بھی ہوتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ نئی نسل سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں اور بچوں کو اور اسی طرح جماعت میں نئے شامل ہونے والوں کو بھی جلسہ سالانہ کی عظمت و اہمیت اور اس کی عظیم الشان برکات سے آگاہ کرکے یہ احساس دلایا جائے کہ وہ بھی اس جوئے شیریں سے جی بھر کر سیراب ہوں ایسا نہ ہو کہ جہاں دوسرے لوگ برکتوں، رحمتوں اور فضلوں سے مالامال ہوکر لدے پھندے اپنے گھروں کو واپس لوٹیں وہاں اپنی لاعلمی اور نادانی سے ان نوجوانوں کی واپسی اس حال میں ہو کہ وہ تہی دامن اور خالی ہاتھ ہوں۔ وہ حسرت ناک محرومی سے اسی صورت میں بچ سکتے ہیں کہ وہ اس مقدس الٰہی جلسہ سالانہ کو میلہ کا رنگ نہ دیں۔ بازاروں میں گھوم کر اپنا وقت ضائع نہ کریں یا رہائش گاہوں میں مجلسیں لگا کر تضیع اوقات کے مرتکب نہ ہوں بلکہ جلسہ کے تمام اجلاسوں میں ہمہ وقت موجود رہ کر علماء سلسلہ کی تقاریر اور سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالےٰ کے پُر معارف ارشادات کو پوری توجہ اور انہماک سے سنیں اور انہیں ذہن نشین کرنے کے ساتھ ساتھ دل میں جگہ دیں اور بقیہ اوقات کو دعاؤں اور ذکر الٰہی میں گزاریں اور وہ کچھ پائیں جو ان کے دوسرے لاکھوں بھائی پاتے ہیں۔ ادھر اُدھر گھوم کر اپنے وقت کو ضائع کرنے والے اس جلسہ کی عظیم الشان برکات سے مستفیض نہیں ہوسکتے۔ اسی لئے سیدنا حضرت اقدس نے فرمایا ہے:۔

"سب کو متوجہ ہوکر سننا چاہیئے۔ پورے غور اور فکر کے ساتھ سنو کیونکہ یہ معاملہ ایمان کا ہے۔ اس میں سستی، غفلت اور عدم توجہ بہت بُرے نتائج پیدا کرتی ہے جو لوگ ایمان میں غفلت سے کام لیتے ہیں اور جب ان کو مخاطب کرکے کچھ بیان کیا جائے تو غور سے اس کو نہیں سنتے، ان کو بولنے والے کے بیان سے خواہ وہ کیسا ہی اعلیٰ درجہ کا مفید اور مؤثر کیوں نہ ہو کچھ بھی فائدہ نہیں ہوتا۔ ایسے ہی لوگ ہوتے ہیں جن کی بابت کہا جاتا ہے کہ وہ کان رکھتے ہیں مگر سنتے نہیں اور دل رکھتے ہیں پر سمجھتے نہیں۔ پس یاد رکھو کہ جو کچھ بیان کیا جاوے اسے توجہ اور بڑے غور سے سنو کیونکہ جو توجہ سے نہیں سنتا وہ خواہ عرصہ دراز تک قائدہ رساں وجود کی صحبت میں رہے مرا سے کچھ بھی فائدہ نہیں پہنچ سکتا۔"

(الحکم ۱۰ مارچ ۱۹۰۲ء)

ہمارا جلسہ سالانہ

بابرکت اور مقدس جلسہ ہے یہ ہمارا
ہم سب ہیں اسکی رونق ہم سب کو ہے یہ پیارا

ہر سال ہے یہ آتا بچھڑوں کو ہے ملاتا
نزدیک و دور سے ہے یہ سب کو کھینچ لاتا

اس کا نہ کوئی ہمسر اس کا نہ کوئی ثانی
ہم سب فدا ہیں اس پر یہ اپنا یار جانی

ہم سال بھر برابر ہیں انتظار کرتے
ربوہ میں ہیں پھر آکے آنکھیں نثار کرتے

تانتا لگا ہوا ہے مخلوق آرہی ہے
کثرت میں ایک وحدت جلوہ دکھا رہی ہے

قبلہ ہے ایک سب کا کعبہ ہے ایک سب کا
ملجا ہے ایک سب کا۔ ماویٰ ہے ایک سب کا

کانوں میں گونجتے ہیں اخلاص کے ترانے
ملتے ہیں جب گلے سے دو احمدی پُرانے

عشق نبیؐ نے سب کو دیوانہ کر دیا ہے
اپنی ضرورتوں سے بے گانہ کر دیا ہے

صلِّ علیٰ محمدؐ وردِ زباں ہے ہر دم
عشقِ رسولِ اکرمؐ ہوتا نہیں کبھی کم

انسانیت کا ان کے اخلاق سے بھرم ہے
یہ ہیں فدائے ملت ان کو ہر اک کا غم ہے

سب مسجدوں کی رونق ہے ان کے دم قدم سے
کرتے ہیں سجدگاہیں تر اپنی چشم نم سے

تکبیر کی صدائیں کانوں میں آرہی ہیں
نزدیک و دور جاکر دل کو لبھا رہی ہیں

مشرق سے تا بہ مغرب جس سمت جاؤ گے تم
یہ سوز یہ محبت ڈھونڈے نہ پاؤ گے تم

یہ جلسۂ مبارک ہے یادگار ہادی
اس مجلسِ عمل کی بنیاد جس نے ڈالی

سید نا محمود

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جماعت احمدیہ نائیجیریا کے "جوانوں کے جوانوں" کا آٹھواں سالانہ اجتماع انصار اللہ

مرتبہ ملک محمد اکرم صاحب پرنسپل احمدیہ مشنری ٹریننگ کالج۔ الاروہ مرسلہ وکالت تبشیر۔ ربوہ

حضرت المصلح الموعود کے مبارک وجود پر جنہوں نے افرادِ جماعت کو موتیوں کی طرح ایک لڑی میں پرو کر ایک اعلیٰ و بے مثال انتظامی نظام جماعت احمدیہ کو عطا فرمایا۔ اذنِ الٰہی کے تحت حضور نے جماعت کے بچوں، بچیوں، جوانوں اور جوانوں کے جوانوں نیز خواتین کو الگ الگ تنظیم میں رکھ کر اور ان کی تربیت و تعلیم کے لئے لاثانی پروگراموں کی گائیڈ لائن عطا فرما کر جماعت پر اس قدر بھاری احسان فرمایا ہے کہ دل بے ساختہ پکار اٹھتا ہے کہ ؎

ملت کے اس فدائی پر رحمت خدا کرے۔

جماعت کے ہر شعبہ و فرد کی جسمانی و روحانی نشوونما کے لئے حضور نے جماعت میں گوناگوں پروگرام جاری فرمائے۔ ان میں سے ایک نہایت ہی اہم روح پرور اور خدا تعالیٰ کی برکتوں اور رحمتوں کو جذب کرنے والا پروگرام ہر ایک تنظیم کا الگ الگ اپنا سالانہ اجتماع ہے جس میں روحانی و جسمانی صحت کے لئے ازحد مفید پروگرام رکھے جاتے ہیں۔ ان اجتماعات کی داغ بیل اللہ تعالیٰ نے حضرت مصلح موعود ہی کے مبارک ہاتھوں سے ڈالی تھی۔ مرکز سلسلہ میں یہ اجتماعات آج بھی اپنی پوری آب و تاب اور چمک دمک کے ساتھ ہر سال منعقد کئے جاتے ہیں اور افرادِ جماعت اپنی اپنی استطاعت کے مطابق خدا تعالیٰ کے فضلوں سے جھولیاں بھر کر گھروں کو لوٹتے ہیں۔ کیا ہی روح پرور اور ایمان افروز مناظر یہ اجتماعات ہر سال ہی پیش کرتے ہیں۔ اور کس قدر ازدیادِ ایمان کا باعث بنتے ہیں یہ اجتماعات!

لیکن چونکہ جماعتِ احمدیہ ایک عالمگیر جماعت ہے جسکی شاخیں اس وقت دنیا کے ملکوں میں پھیل چکی ہیں اور یہ تو ظاہر ہے کہ ملک ملک سے ہر فردِ جماعت کے لئے مرکزِ سلسلہ میں حاضر ہو کر ایمان کی دولت حاصل کرنا ناممکن امر ہے اس لئے ایسے اجتماع اور پروگرام دنیا کے دیگر ممالک میں بھی جاری کئے گئے ہیں جن کے ذریعہ جماعت کے افراد کی ذہنی، جسمانی اخلاقی اور روحانی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

اسی طرح اللہ تعالیٰ کے فضل سے نائیجیریا میں بھی جلسہ سالانہ کے علاوہ دیگر جملہ تنظیموں کے اجتماع باقاعدگی سے ہر سال منعقد ہوتے ہیں جن میں ملک کے کونے کونے سے دوست تشریف لا کر مستفید ہوتے ہیں۔ ان میں سے ایک اجتماع مجلس انصار اللہ یعنی حضور انور ایدہ اللہ کے مبارک الفاظ میں جوانوں کے جوانوں کا سالانہ اجتماع ہے۔ جس کا آغاز آج سے آٹھ سال قبل اس ملک میں کیا گیا تھا۔ امسال کے اجتماع انصار اللہ کی رپورٹ کا رگزاری ہدیہ قارئین کی جاتی ہے۔

مقام اجتماع کا انتخاب

نائیجیریا چونکہ ایک بہت ہی وسیع و عریض ملک ہے اس لئے ہر سال دور دراز کے علاقوں سے دوستوں کا ہیڈ کوارٹر پہنچ کر سالانہ اجتماع میں شریک ہونا کچھ مشکل ہے لہٰذا جماعت کے فیصلہ کے مطابق ہر سال اجتماع کا مقام بدل بدل کر مختلف سٹیٹس میں اجتماع منعقد کئے جاتے ہیں۔ مثلاً گزشتہ سال یہ اجتماع کادونا سٹیٹ کے اہم شہر زاریہ (ZARIA) میں اور امسال اوگن سٹیٹ کے دارالحکومت ایبے کوٹا میں منعقد ہوا اور آئندہ سال انشاء اللہ بینڈل سٹیٹ کے دارالحکومت بنین (BENIN) میں ہوگا۔ اور عموماً یہ دیکھا جاتا ہے کہ کونسی جماعت نسبتاً کمزور یا سست ہے وہاں پر اجتماع کا انعقاد ان کے لئے صحت بخش ٹانک کا کام دیتا ہے اور وہ جماعت اس اجتماع کی بدولت اس قدر چست اور تیز ہو جاتی ہے کہ تعجب ہونے لگتا ہے۔ مثلاً جماعت احمدیہ ایبے کوٹا ایک چھوٹی سی مخلص جماعت ہے۔ اور ان کے پاس زونل مساجد کے علاوہ ایک وسیع مرکزی مسجد بھی ہے مگر وہ مسجد ایک ایسی جگہ پر واقع ہے جہاں تک پہنچ قدرے دقت سے ہوتی ہے۔ محترم امیر صاحب نے نہایت خوشکن چیلنج ان کو دیا کہ اگر جماعت ایبے کوٹا وعدہ کرے کہ اگلے اجتماع سے قبل مرکزی مسجد کے لئے موزوں جگہ خرید لے گی تو سالانہ اجتماع ایبے کوٹا میں منعقد کرنے کا فیصلہ کیا جا سکتا ہے۔ اس چیلنج کو جماعت ہذا نے بخوشی قبول کیا اور نہ صرف قبول کیا بلکہ وقت سے پہلے نہایت ہی موزوں جگہ پر مرکزی مسجد کے لئے ایک وسیع قطعۂ زمین خرید لیا۔ الحمد للہ علیٰ ذٰلک۔ اس طرح تین اور چار اکتوبر ۹۸ء کو منعقد ہونے والے سالانہ اجتماع انصار اللہ کے انعقاد اور میزبانی کی سعادت جماعتِ احمدیہ ایبے کوٹا کو نصیب ہوئی۔

جماعت نے ایبے کوٹا میں اجتماع منعقد کرنے کے لئے بہترین جگہ کا انتخاب کیا۔ اور نورالدین سوسائٹی کے سکول کے پرنسپل صاحب سے رابطہ قائم کر کے دو ایام کے لئے سکول کی بلڈنگ کے ایک حصہ کے استعمال کی اجازت حاصل کر لی۔ یہ سکول ایبے کوٹا میں عمارت کے لحاظ سے سب سے بڑا اور وسیع سکول ہے۔ جس کا رقبہ کئی ایکڑوں پر مشتمل ہے نیز شہر کے قلب میں مصروف ترین سڑکوں میں سے ایک پر واقع ہے۔

شعبوں کی تقسیم

میزبان مجلس نے مہمانوں کے آرام و آسائش اور کام میں سہولت پیدا کرنے کے لئے اجتماع کے انتظام کو مندرجہ ذیل گیارہ شعبوں میں تقسیم کیا۔ شعبہ رجسٹریشن۔ شعبہ طعام شعبہ قیام۔ شعبہ فراہمی فرنیچر۔ شعبہ پبلسٹی شعبہ بجلی و لاؤڈ سپیکر۔ شعبہ فراہمی برتن شعبہ صفائی۔ شعبہ صحت و طبی امداد۔ شعبہ آب رسانی۔ اور شعبہ برائے تعمیر مرکزی مسجد اور ان جملہ شعبہ جات کی نگرانی کے لئے ایک سپریم کمیٹی بنائی گئی تھی۔

مقام اجتماع کی تزئین

خاکسار مع طلباء مشنری ٹریننگ کالج ایک روز قبل بروز جمعہ ایبے کوٹا پہنچ گیا۔ طلباء نے افرادِ جماعت کے ساتھ مل کر مقام اجتماع کو رنگدار جھنڈیوں اور بینرز کے ساتھ خوب سجایا۔ اور سادہ سا محراب بنا کر اس پر جلی حروف میں لکھا ہوا بینر لگایا جس پر ہر ایک کو اس اجتماع میں شامل ہونے کی دعوتِ عام تھی۔

اجتماع کی تشہیر

جماعت احمدیہ نائیجیریا کے ہفتہ وار آرگن "دی مسلم ٹرتھ" میں اجتماع کے متعدد بار اعلانات شائع ہوئے اس کے علاوہ اوگن سٹیٹ کے ریڈیو O.B.C. کے ذریعہ بھی اعلانات ہو گئے۔ اور ایک مرتبہ سٹیٹ کی خبروں میں اس اجتماع کی تاریخ، وقت اور مقام کا اعلان براڈکاسٹ ہوا۔ علاوہ ازیں دوستوں کو دعوت ناموں کے ذریعہ بھی مدعو کیا گیا تھا۔

وفود کی آمد

اجتماع کے لئے ۳ اور ۴ اکتوبر کا دن مقرر تھا۔ بعض مجالس کے نمائندگان ۲ اکتوبر کی رات کو پہنچ گئے۔ اکثر مجالس ۳ اکتوبر بروز ہفتہ صبح کو پہنچیں۔ ہر مجلس کے نمائندگان کو قیام و طعام مہیا کیا گیا۔ بارہ بجے دوپہر تک علاقہ میں خاصی رونق پیدا ہو چکی تھی۔ ملک کے کونہ کونہ سے انصار اللہ اس اجتماع کے لئے کھچے چلے آئے۔ ہفتہ کے روز چونکہ یہاں عام تعطیل ہوتی ہے اور اشتہار و بینرز بھی لوگوں کی توجہ کو کھینچ رہے تھے۔ اس لئے راہ گیر اور اہالیانِ شہر بھی خاصی تعداد میں اکٹھے ہوئے۔ ہمارے دوست ان زائرین کو احمدیت کا پیغام پہنچاتے اور اجتماع کے انعقاد کے اغراض و مقاصد سے آگاہ کرتے۔

استقبال امیر

محترم مولانا محمد اجمل صاحب شاہد، امیر و مشنری انچارج جماعت ہائے احمدیہ نائیجیریا ری پبلک آف نائیجیریا۔ ری پبلک آف بینن اور ری پبلک آف ٹوگو جو نائب صدر مجلس انصار اللہ برائے مجالس مندرجہ بالا بھی ہیں، کی آمد ½۱۱ بجے متوقع تھی۔ چنانچہ انصار اللہ ایبے کوٹا کے زیرِ اہتمام انصار و خدام کے موٹر سائیکل سواروں کا ایک چاق و چوبند دستہ محترم امیر صاحب کے استقبال کے لئے ایبے کوٹا سے سات کلومیٹر باہر لیگوس۔ ایبے کوٹا ایکسپریس روڈ پر پہنچ گیا۔ محترم امیر صاحب عین وقت پر تشریف لائے۔ دوستوں نے نعروں سے محترم امیر صاحب کا استقبال کیا۔ آپ نے کار سے اتر کر سب دوستوں سے مصافحہ کیا۔ پھر ایک جلوس کی شکل میں مقام اجتماع کی طرف روانہ ہو گئے۔ یونیفارم میں موٹر سائیکل سوار خدام کو دیکھ کر دیگر کاروں نے آپ کی کار کو راستہ دیا۔ اس طرح ٹھیک ساڑھے گیارہ بجے محترم امیر و نائب صدر صاحب مجلس انصار اللہ مقام اجتماع میں وارد ہوئے۔ جب آپ مقام اجتماع میں تشریف فرما ہوئے تو دوستوں نے آپ کا شاندار استقبال کیا۔ آپ نے گھوم پھر کر سارے انتظام کا وسیع جائزہ لیا۔ اور بعض خامیوں کی نشان دہی کی۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

نماز ظہر و عصر کی ادائیگی

محترم نائب صدر صاحب مجلس انصار اللہ ½ ۲ بجے بعد دوپہر مقامِ اجتماع میں تشریف لائے۔ سکول کی وسیع مسجد میں نماز ظہر و عصر جمع کر کے ادا کی گئیں۔ اور اجتماع سے متعلق ضروری ہدایات دی گئیں۔

پہلا دن — پہلا اجلاس

اجتماع کا آغاز

پروگرام کے مطابق مجلس انصار اللہ نائیجیریا کا آٹھواں سالانہ اجتماع محترم مولانا محمد اجمل صاحب شاہد نائب صدر مجلس انصار اللہ نائیجیریا کی زیر صدارت سوا تین بجے شروع ہوا تلاوتِ قرآنِ پاک مکرم ایس۔ ڈی۔ احمد صاحب لوکل مشنری برائے ابادان نے کی۔ تلاوت کے بعد محترم نائب صدر صاحب نے انصار اللہ کا عہد دوہرایا۔ آپ کی اقتداء میں انصار کے علاوہ خدام و اطفال اور دیگر حاضرین نے بھی عہد کو دہرایا۔ یہ عہد پہلے انگلش اور پھر مقامی زبان یوروبا میں دوہرایا گیا۔

عہد کے بعد محترم مولوی صفی الرحمٰن صاحب خورشید نے سیدنا حضرت اقدس کا عربی قصیدہ در مدح سید کونین حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے چند اشعار ترنم کے ساتھ پڑھے۔

افتتاحی خطاب

قصیدہ کے پڑھے جانے کے بعد محترم نائب صدر صاحب نے مجلس انصار اللہ نائیجیریا کے آٹھویں سالانہ اجتماع کا افتتاح فرمایا۔ اس کا افتتاح دنیاوی میلوں کی طرح فیتہ کاٹ کر، غبارے یا کبوتر اڑا کر نہیں بلکہ اللہ جلّ شانہٗ کا نام لے کر کیا گیا۔ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح گوئی سے اس کا آغاز کیا گیا۔ دینِ حق کو ادیانِ باطلہ پر سربلند کرنے کی تجاویز اور سکیموں کے اعلانات سے اس اجتماع کی ابتداء کی گئی۔

محترم نائب صدر صاحب نے فرمایا کہ پندرھویں صدی ہجری کا یہ پہلا سالانہ اجتماع انصار اللہ ہے اور جیسا کہ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز متعدد بار فرما چکے ہیں، یہ صدی غلبۂ اسلام کی صدی ہے۔ یہ خدا تعالیٰ کی پیشگوئی ہے۔ یہ افسانہ نہیں حقیقت ہے وقت بتائے گا کہ سیدنا حضرت اقدس کی دیگر بے شمار پیشگوئیوں کی طرح یہ پیشگوئی بھی اپنی شان و شوکت سے پوری ہوگی۔ انشاء اللہ

محترم نائب صدر صاحب نے فرمایا کہ جہاں یہ عظمت والی پیشگوئی ہمارے دلوں کے لئے تسکین بخش پیشگوئی ہے۔ وہاں یہ پیشگوئی ہمارے کندھوں پر عظیم بوجھ بھی ڈال رہی ہے۔ یہ درست ہے کہ خدائی کام بندوں کے محتاج تو نہیں ہوتے مگر یہ بھی حقیقت ہے کہ ذمہ داریاں نبھانے کا ثواب بھی ہاتھ پاؤں ہلائے بغیر نہیں ملا کرتا۔ اس لئے یہ پیشگوئی ہمیں دعوت دیتی ہے عمل کی یہ دعوت ہے مالی قربانیوں کے لئے، اور یہ دعوت ہے اپنے اوقات اور ساری طاقتوں کو خدا تعالیٰ کی راہ میں خرچ کر دینے کی۔ آپ نے فرمایا میں اس اجتماع کا آغاز آپ کو ان ذمہ داریوں کی یاد دہانیوں سے کرتا ہوں۔

افتتاحی خطاب کے بعد محترم نائب صدر صاحب نے دعا کروائی جس میں جملہ حاضرین بھی شریک ہوئے۔

سالِ گزشتہ کی رپورٹ کارگزاری

افتتاحی خطاب و دعا کے بعد مجالس انصار اللہ نائیجیریا کے ناظمِ اعلیٰ جناب الحاج اے۔ بی۔ آئی لکوئی صاحب نے مجلس کی سالانہ رپورٹ پڑھ کر سنائی۔ آپ نے ان مجالس کے نام پڑھ کر سنائے جن کی طرف سے سارا سال تعاون حاصل رہا۔ اور ان چند مجالس کے نام بھی لئے جن کی طرف سے رپورٹس باقاعدگی سے موصول نہیں ہوئیں۔ محترم ناظم صاحب اعلیٰ نے اپنی مختصر مگر جامع رپورٹ میں چندہ کی وصولی۔ وقارِ عمل تعلیم قرآن اور بعض دیگر امور کا ذکر فرمایا۔

دوسرا اجلاس

گیمز

رپورٹ کے بعد کھیل کا پروگرام تھا۔ حدیثِ نبویؐ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو ایک قوی مومن، ضعیف مومن سے زیادہ محبوب ہے۔ اس لئے ہماری جماعت میں ماشاء اللہ جہاں روحانی صحت و ترقی کی سکیمیں سوچی اور ان پر عملدرآمد کیا جاتا ہے وہاں جسمانی صحت کی بہتری کے ذرائع بھی استعمال کئے جاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جماعت کی تنظیموں کے اجتماعات میں گیم کا پروگرام ضرور رکھا جاتا ہے اور گیمز میں بھی ہمارے بزرگ "جوانوں کے جوان" کسی دوسری تنظیم سے ہرگز پیچھے نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اس اجتماع پر بھی انصار بزرگوں نے کھیل کے مقابلوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ کھیل کے انتظام میں مکرم مقصود احمد صاحب چٹھہ اور مکرم لطیف احمد صاحب خلیل نے مقامی دوستوں کا ہاتھ بٹایا۔

ایک سو گز کی دوڑ۔ لانگ جمپ اور میوزیکل چیئر کے مقابلہ جات ہوئے۔ جس کے نتائج حسبِ ذیل رہے۔

(i) لانگ جمپ:

اوّل۔ مسٹر جی اور رانٹی۔ از ابادان مجلس

دوم۔ مسٹر ایل۔ اے۔ اوکے۔ از اوٹا مجلس

سوم۔ مسٹر آڈے ڈے جے۔ از زاریہ مجلس۔

(ii) ایک سو گز کی دوڑ۔

اوّل۔ الحاج۔ ایف۔ اے پیولا۔ از یڈاگری مجلس

دوم۔ جناب ہارونہ رگیوا۔ از اکارے مجلس

سوم۔ الحاج ایس اے۔ بیلو۔ از موشین مجلس

(iii) میوزیکل چیئرز۔

اول۔ الحاج صادق۔ از الورین مجلس

دوم۔ الحاج آدمز۔ از لیگوس مجلس

سوم۔ مسٹر آڈے ڈے جے۔ از زاریہ مجلس

بعض اور مقابلے ابھی ہونا باقی تھے کہ موسلا دھار بارش شروع ہو گئی جس کی وجہ سے ان کو منسوخ کرنا پڑا۔

(باقی)

تربیت اولاد کیلئے موزوں زمانہ

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں

"وہ لوگ جو بچوں کی غلطی پر یہ کہا کرتے ہیں "بچہ ہے جانے دو"..... وہ جانتے ہی نہیں کہ بچپن کا زمانہ ہی سیکھنے کا زمانہ ہوتا ہے۔ اگر اس عمر میں وہ نہیں سیکھے گا تو بڑی عمر میں اس کے لئے سیکھنا بڑا مشکل ہو جائیگا درحقیقت اگر ہم غور کریں تو بچپن کا زمانہ سیکھنے کیلئے موزوں ہوتا ہے اور اسی عمر میں اس کی تربیت اسلامی اصول پر کرنی چاہیئے"

(الفضل ۱۵ اپریل ۱۹۴۸ء)

احباب جماعت چندہ وقفِ جدید کی وصولی اور ادائیگی کی طرف فوری توجہ فرمائیں!

سیدنا حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:۔

"میں امید رکھتا ہوں کہ ہماری جماعت وقفِ جدید کے کام میں بھی جس کی ابتداء یکم جنوری اور جس کی انتہاء ۳۱ دسمبر کو ہوتی ہے ..... بہت زیادہ حصہ لے گی"

وقفِ جدید کے مالی سال کے اختتام پذیر ہونے میں اب صرف چند یوم کا قلیل عرصہ باقی رہ گیا ہے۔ اور ابھی تک منظور شدہ بجٹ کا بہت سا حصہ قابلِ وصولی ہے۔ جس کے لئے متعلقہ عہدیداران اور احباب جماعت کی خصوصی توجہ درکار ہے لہٰذا جملہ احباب سے پُرزور گزارش ہے کہ براہِ مہربانی اس چندہ کی وصولی اور ادائیگی کی طرف فوری توجہ فرمائیں۔

سیکرٹری صاحبان مال سے گزارش ہے کہ براہِ مہربانی اس چندہ کی جمع شدہ رقوم بلا تاخیر مرکز میں بھجواتے رہیں۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء

(ناظم مال۔ وقفِ جدید۔ ربوہ)

زکوٰۃ جلد ادا کرنے کی فضیلت

صحابہ کرامؓ قربانی کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے تھے اور صاحب نصاب تو اس بات کے منتظر رہتے تھے کہ ان کے مال پر کب سال ختم ہو کہ وہ اپنے ذمہ کی زکوٰۃ ادا کریں بلکہ بعض اصحابؓ تو سال پورا ہونے کا بھی انتظار نہیں کرتے تھے اور سال گزرنے سے پہلے ہی زکوٰۃ ادا کر دیتے تھے۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ سے روایت ہے کہ حضرت عباسؓ نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ کیا زکوٰۃ کی ادائیگی اس کے واجب ہونے سے قبل ہی کی جا سکتی ہے؟ تو آپ نے اس کی اجازت دے دی۔ (یہ حدیث ابوداؤد اور ترمذی نے روایت کی ہے)

صاحب نصاب بھائیوں بہنوں کی خدمت میں درخواست ہے کہ وہ اپنی واجب الادا زکوٰۃ جلد ادا کر کے عند اللہ ماجور ہوں۔

(ناظر بیت المال آمد۔ ربوہ)

صد سالہ احمدیہ جوبلی منصوبہ

حکمت کا قول

حضور انور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے فرمایا:۔

"مومن کی زندگی کی ایک نمایاں علامت ہے کہ وہ کسی منزل پر رُکتا نہیں بلکہ ہر لحظہ زیادہ مستعدی اور تیزی سے آگے بڑھتا چلا جاتا ہے"

صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ کی ادائیگیوں میں بھی ہمارا قدم آگے سے آگے بڑھتا چلا جانا چاہیئے تاکہ غلبۂ دین حضرت خاتم الانبیاء کی راہیں ہموار ہیں۔

(سیکرٹری صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جلسہ سالانہ؛ صحبت صادقین کا بڑا ذریعہ

(مکرم فضل احمد صاحب شاہد مربی سلسلہ عالیہ احمدیہ میرا بھرڈکا ـــــ آزاد کشمیر)

پیدائش انسانی کا مقصد خدا تعالیٰ کو پانا ہے اس غرض کے حصول کے لئے تین موثر راہیں ہیں ۱۔ دعا۔ ۲۔ تدبیر۔ ۳۔ صحبت صادقین اللہ تعالیٰ صحبتِ صادقین کی تلقین کرتے ہوئے فرماتا ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَكُونُوا مَعَ الصَّادِقِينَ ۝

(توبہ آیت ۱۱۹ تا ۱۲۰)

یعنی اے مومنو اللہ کا تقویٰ اختیار کرو اور صادقوں کی صحبت میں رہو۔ سورۃ توبہ کی آیت ۱۲۲ میں مرکز میں آکر حصولِ علم کی طرف اشارہ ہے۔ فرمایا:۔

وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُونَ لِيَنْفِرُوا كَافَّةً فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِنْهُمْ طَائِفَةٌ لِيَتَفَقَّهُوا فِي الدِّينِ وَلِيُنْذِرُوا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوا إِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُونَ ۝

(توبہ ۱۲۲)

اس آیت میں ہر جماعت اور ہر گروہ کے لوگوں کو علوم دینیہ کے حصول کی تاکید ہے نیز ان کی ذمہ داری قرار دی گئی ہے کہ وہ واپس آکر اپنے قبیلہ اور برادری کو ہوشیار کریں۔ ان دونوں آیات کو ملانے سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ دراصل خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ حقیقی علوم دینیہ صادقوں کی صحبت کے بغیر حاصل نہیں ہو سکتے۔

حضرت ابو موسیٰ الاشعریؓ سے روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا نیک ہم نشین اور بد ہم نشین کی مثال کستوری اٹھانے والے اور لوہار کی بھٹی کی سی ہے کستوری والا تجھے کستوری دے گا یا تو اسے خریدے گا یا کم از کم تو اس سے خوشبو پائے گا اور بھٹی والا تیرے کپڑے جلائے گا یا اس سے بدبو آئے گی۔

(بخاری مسلم)

حضرت ابو سعید الخدریؓ سے روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا مومن کے بغیر کسی سے صحبت نہ رکھو۔ (ابو داؤد)

حضرت اقدس صحبت صادقین کی اہمیت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جماعت نے اپنے رسول مقبول کی راہ میں ایسا اتحاد اور ایسی روحانی یگانگت پیدا کر لی تھی کہ اسلامی اخوت کی رو سے سچ مچ عضو واحد کی طرح ہو گئی تھی اور ان کے روزانہ برتاؤ اور زندگی اور ظاہر و باطن میں انوار نبوت ایسے رچ گئے تھے کہ گویا وہ سب آنحضرتؐ کی عکسی تصویریں تھے۔ سو یہ بھاری معجزہ اندرونی تبدیلی کا تھا جسکے ذریعہ سے بت پرستی کرنے والے کامل خدا پرستی تک پہنچ گئے۔ اور ہر دم دنیا میں غرق رہنے والے محبوب حقیقی سے ایسا تعلق پکڑ گئے کہ اسکی راہ میں پانی کی طرح اپنے خونوں کو بہا دیا۔ یہ دراصل ایک صادق اور کامل نبی کی صحبت میں مخلصانہ قدم سے عمر بسر کرنے کا نتیجہ تھا۔ سو اسی بنا پر یہ عاجز اس سلسلہ کے قائم رکھنے کے لئے چاہتا ہے کہ صحبت میں رہنے والوں کا سلسلہ اور بھی زیادہ وسعت سے بڑھا دیا جائے اور ایسے لوگ دن رات صحبت میں رہیں کہ جو ایمان اور محبت اور یقین کے بڑھانے کے لئے شوق رکھتے ہوں اور ان پر وہ انوار ظاہر ہوں کہ جو اس عاجز پر ظاہر کئے گئے ہیں اور وہ ذوق ان کو عطا ہو جو اس عاجز کو عطا کیا گیا ہے تا کی روشنی عام طور پر دنیا میں پھیل جائے اور حقارت اور ذلت کا سیاہ داغ مسلمانوں کی پیشانی سے دھویا جائے"

(فتح اسلام صفحہ ۳۱ تا ۳۴)

حضور اقدس نے اس ارشاد میں اپنے متبعین کو صادقوں میں رہنے کا ارشاد فرمایا ہے تا وہ آپ کے رنگ میں رنگین ہو کر اور آپ سے نور لے کر دنیا کو منور کریں۔ اور دنیا کے سامنے کی چلتی پھرتی تصویریں بنیں۔ اس لئے آپ نے صحبتِ صادقین پر بہت زور دیا ہے۔ فرماتے ہیں۔

"شریعت کی کتابیں حقائق اور معارف کا ذخیرہ ہوتی ہیں لیکن حقائق اور معارف پر کبھی پوری طرح اطلاع نہیں مل سکتی جب تک صادق کی صحبت اخلاص اور صدق سے اختیار نہ کی جاوے"

(تفسیر سورۃ مائدہ تا توبہ صفحہ ۲۶۶)

"دین تو چاہتا ہے کہ مصاحبت ہو۔ پھر مصاحبت سے گریز ہو تو دینداری کے حصول کی امید کیوں رکھتا ہے۔ ہمنے بارہا اپنے دوستوں کو نصیحت کی ہے اور پھر کہتے ہیں کہ وہ بار بار یہاں آکر رہیں اور خانہ اٹھائیں"

(تفسیر سورۃ مائدہ تا توبہ صفحہ ۲۶۹)

"جب تک یہاں آکر نہیں رہتے تکمیل علمی مشکل ہے"

(تفسیر سورۃ مائدہ تا توبہ صفحہ ۲۶۹)

"صحبت کا اثر ضرور ہوتا ہے اس لئے جو شخص ایسے آدمی کے پاس جو حرکات و سکنات افعال و اقوال میں خدائی نمونہ اپنے اندر رکھتا ہے صحت نیت اور پاک ارادہ اور مستقیم جستجو سے ایک مدت تک رہے گا۔ تو یقین کامل ہے کہ اگر وہ دہریہ بھی ہو تو آخر خدا تعالیٰ کے وجود پر ایمان لے آئے گا"

(تفسیر سورۃ مائدہ تا توبہ صفحہ ۲۷۱)

"صادق کی معیت میں انسان کی عقدہ کشائی ہوتی ہے اور اسے نشانات دیئے جاتے ہیں جن سے اس کا جسم منور اور روح تازہ ہو جاتی ہے"

(تفسیر سورۃ مائدہ تا توبہ صفحہ ۲۷۱)

"صادقوں کی صحبت کے اختیار کرنے میں اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ ان کی اطاعت اختیار کی جائے"

(تفسیر سورۃ مائدہ تا توبہ صفحہ ۲۷۶)

"صادقوں کے ساتھ ہونے سے وہ تاثیرات اور انوار دل پر پڑتے ہیں جو پاکیزگی بخش اور نجات کے چشمہ تک پہنچانے والے ہوتے ہیں۔ دنیا میں یہی قاعدہ ہے کہ صادقوں کی کشش اپنا اثر کرتی ہے"

(ایضاً)

"میں سچ کہتا ہوں کہ گہری صحبت نبی اور صاحب نبی کو ایک کر دیتی ہے"

(ایضاً)

حضرت اقدس نے اپنی کتاب لیکچر سیالکوٹ میں خدا کو پانے کا تیسرا طریق صحبت صادقین کو قرار دیا اور اسکی وجہ یہ بیان فرمائی "ایک چراغ کے ذریعہ سے دوسرا چراغ روشن ہو سکتا ہے"

(لیکچر سیالکوٹ روحانی خزائن جلد ۲۰ صفحہ ۲۲۱)

لیکچر لاہور میں فرماتے ہیں۔

"اگر خدا سے ملنا چاہتے ہو تو دعا بھی کرو اور کوشش بھی کرو اور صادقوں کی صحبت میں بھی رہو"

(لیکچر لاہور صفحہ ۲۰)

حضرت اقدس نے اپنی کتاب آسمانی فیصلہ میں صحبت کے اس مقصد کو پورا کرنے کے لئے یہ ارشاد فرمایا۔

"قرین مصلحت معلوم ہوتا ہے کہ سال میں تین روز ایسے جلسہ کے لئے مقرر کئے جائیں جس میں تمام مخلصین اگر خدا تعالیٰ چاہے بشرط صحت و فرصت و عدم موانع قویہ تاریخ مقررہ پر حاضر ہو سکیں"

(آسمانی فیصلہ صفحہ ۴۱)

۷ دسمبر ۱۸۹۲ء کے اشتہار میں آپ نے اس جلسہ میں حاضر ہونے کی ان الفاظ میں تاکید فرمائی۔

"لازم ہے کہ اس جلسہ پر جو کئی بابرکت مصالح پر مشتمل ہے ہر ایک ایسے صاحب ضرور تشریف لاویں جو زادِ راہ کی استطاعت رکھتے ہوں اور اپنا سرمائی بستر لحاف وغیرہ بھی بقدر ضرورت ساتھ لاویں اور اللہ اور اس کے رسولؐ کی راہ میں ادنیٰ ادنیٰ حرجوں کی پرواہ نہ کریں خدا تعالیٰ مخلصوں کو ہر یک قدم پر ثواب دیتا ہے اور اسکی راہ میں کوئی محنت اور صعوبت ضائع نہیں ہوتی"

(مجموعہ اشتہارات صفحہ ۴۱۳)

نیز آپ نے فرمایا۔

"اس جلسہ کو معمولی انسانی جلسوں کی طرح خیال نہ کریں۔ یہ وہ امر ہے جس کی خالص تائید حق پر بنیاد ہے۔ اس سلسلہ کی بنیاد کی اینٹ خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہے اور اس کے لئے قومیں تیار کی ہیں جو عنقریب اس میں آملیں گی کیونکہ یہ اس قادر کا فعل ہے جس کے آگے کوئی بات انہونی نہیں"

(مجموعہ اشتہارات صفحہ ۴۱۳)

جلسہ کی علت غائی کو حضور یوں بیان فرماتے ہیں "وہ علت غائی جس کے لئے میں حیلہ نکالتا ہوں۔ اصلاح خلق اللہ ہے"

(مجموعہ اشتہارات صفحہ ۴۱۴)

نشانات کا یہ سلسلہ اب نظام قدرت ثانیہ کے ذریعہ جاری ہے۔ حضرت مصلح موعود نے مرکز سلسلہ میں آنے کی اہمیت بیان کرتے ہوئے

معائنہ انتظامات جلسہ سالانہ

جملہ ناظمین و معاونین جلسہ سالانہ کی خدمت میں گذارش ہے کہ مہربانی فرما کر ۲۲ دسمبر ۱۹۸۱ء بروز منگل بوقت ۳ بجے شام احاطہ دفتر جلسہ سالانہ میں تشریف لے آئیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ انتظامات جلسہ سالانہ کا معائنہ ہوگا۔

(افسر جلسہ سالانہ)

خط و کتابت کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں۔

(مینجر الفضل)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

فرمایا۔

"مرکز سے تعلق رکھنے والا انسان ہلاکت سے بچا رہتا ہے"

(ملائکۃ اللہ صفحہ ۵۶)

"تمہاری حالت ابھی چھوٹے بچے کی سی ہے۔ اس لئے تمہیں اس جگہ آکر جسے خدا تعالیٰ نے اُمّ قرار دیا ہے۔ روحانیت کا تازہ بتازہ دودھ پینا چاہیئے"۔

(ملائکۃ اللہ صفحہ ۵۶-۵۷)

پھر فرمایا۔

"اوروں کو دیکھ کر روحانی باتوں کے حاصل کرنے کی تحریک ہوگی"

(ملائکۃ اللہ صفحہ ۵۷)

آپ نے مرکز سے تعلق رکھنے کا ایک انوکھا پہلو یہ بیان فرمایا۔ "جو شخص برکت والے انسان سے تعلق رکھتا ہے۔ وہ برکت والے مقام پر جاکر دوہری برکتیں حاصل کرتا ہے"

(ملائکۃ اللہ صفحہ ۵۸)

جلسہ سالانہ پر آنے والوں کے لئے حضرت اقدس نے مندرجہ ذیل دعائیں فرمائی ہیں۔

"ہر یک صاحب جو اس الٰہی جلسہ کے لئے سفر اختیار کریں۔ خدا تعالیٰ اُنکے ساتھ ہو اور ان کو اجر عظیم بخشے اور ان پر رحم کرے اور ان کی مشکلات اور اضطراب کے حالات ان پر آسان کر دیوے اور ان کے ہم و غم دور فرماوے۔ اور انکو ہر یک تکلیف سے مخلصی عنایت کرے اور انکی مرادات کی راہیں اُن پر کھول کر دیوے اور روز آخرت میں اپنے اُن بندوں کے ساتھ انکو اٹھاوے جن پر اسکا فضل و رحم ہے اور تا اختتام سفر اُن کے بعد انکا خلیفہ ہو۔ اے خدا اے ذوالمجد والعطا اور رحیم اور مشکل کشا یہ تمام دعائیں قبول کر اور ہمیں ہمارے مخالفوں پر روشن نشانوں کے ساتھ غلبہ عطا فرما کہ ہر یک قوت اور طاقت تجھ ہی کو ہے آمین ثم آمین"

(مجموعہ اشتہارات صفحہ ۲۴۲)

اے وے لوگو جو ان درد بھری دعاؤں کے وارث بننا چاہتے ہو۔ آپ کے لئے اللہ تعالیٰ نے یہ نادر موقع پیدا کیا ہے کہ اس عظیم الشان جلسہ میں شامل ہوں۔ تا خدا تعالیٰ کے فرشتوں کی تائید تمہیں حاصل ہو۔ آمین۔

تحریک جدید کے اعلان سال نو پر مخلصانہ پیشکش

جماعت احمدیہ کراچی کی طرف سے مجموعی طور پر ۳،۴۴،۴۴۴ روپے کی پیشکش ہو چکی ہے۔ انفرادی طور پر حسب ذیل نمایاں وعدے موصول ہوئے ہیں۔ جزاہم اللہ تعالیٰ۔

		وعدہ سال نو
۱۔ مکرم سیٹھ شریف احمد صاحب بانی	کراچی	۱۶۰۰۰ روپیہ (ادا شد)
۲۔ " عبدالرحیم صاحب مدہوش رحمانی	"	۲۶۰۰ "
۳۔ " ڈاکٹر انعام الحق صاحب	"	۳۰۰۰ "
۴۔ " چوہدری ذوالفقار علی صاحب انجنیئر	"	۱۱۰۰ "
۵۔ " جی۔ ایم۔ وائی پٹیل صاحب	"	۵۱۰ "
۶۔ " محمد شفیع صاحب بٹ	"	۱۲۰۰ "
۷۔ " مقبول احمد صاحب ٹھیکیدار	"	۲۰۰۰ "
۸ " کموڈور سلیم احمد صاحب	"	۱۲۰۰ "
۹۔ " کپتان نعمت اللہ صاحب	"	۱۵۰۰ "
۱۰۔ " عبدالباسط صاحب مہتہ	"	۵۰۰۰ "
۱۱۔ " نعیم احمد صاحب وسیم مع فیملی		۷۰۰ "
۱۲۔ " سید سعید رشید صاحب	"	۵۱۰ "
۱۳۔ " بابو عنایت اللہ صاحب	"	۱۵۰۰ "
۱۴۔ " پرویز احمد صاحب	"	۶۵۰ "
۱۵۔ " سلیم الدین صاحب عباسی	"	۵۰۰ "
۱۶۔ " کمانڈر محمد اسلم صاحب	"	۷۵۰ "
۱۷۔ " محمد عثمان صاحب ایڈووکیٹ	"	۵۵۰ "
۱۸۔ " سید مسعود احمد صاحب بخاری	"	۵۵۵ "
۱۹۔ " ملک خالق داد خاں صاحب ہاؤسنگ سوسائٹی		۱۵۰۰ "

(وکیل المال اول تحریک جدید)

ضروری اعلان برائے کارکنات جلسہ گاہ

جلسہ گاہ میں کام کرنے والی تمام کارکنات کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ان کی پہلی حاضری ۲۳ دسمبر شام ۳ بجے جلسہ گاہ میں ہوگی اور دوسری حاضری ۲۵ دسمبر صبح ۱۰ بجے جلسہ گاہ میں ہی ہوگی ۲۵ دسمبر کو ہر کارکن اپنا بیج لگا کر اپنی ڈیوٹی کی جگہ پر کھڑی ہو کیونکہ حضرت سیدہ صدر صاحبہ لجنہ مرکزیہ انتظامات کا معائنہ فرمائیں گی اور متعین کارکنات کو ضروری ہدایات دیں گی۔ بیرون ربوہ کی تمام کارکنات بھی ۲۵ دسمبر کی صبح تک ربوہ پہنچ کر اپنے کام سے متعلق ہدایات حاصل کر لیں۔

ربوہ کی اگر کوئی منتظمہ، نائبہ اور معاونہ ان دونوں حاضریوں میں سے کسی ایک میں بھی غیر حاضر ہوئی تو اسے ڈیوٹی سے برطرف کر کے نئی کارکنات کو مقرر کر دیا جائے گا۔ (منتظمہ جلسہ گاہ)

اعلان برائے ٹکٹ سٹیج و حلقہ خاص

ٹکٹ حلقہ خاص و سٹیج کے لئے جن بہنوں کی درخواستیں ۱۵ دسمبر سے پہلے موصول ہوئی تھیں انہیں ان کے لکھے ہوئے پتوں پر ٹکٹ رجسٹری کر کے بھجوا دیئے گئے ہیں۔ اب اس کے علاوہ جو درخواستیں موصول ہو رہی ہیں انہیں ٹکٹ بذریعہ ڈاک نہیں بھجوائے جا رہے۔ جن بہنوں نے سٹیج کے ٹکٹ کی درخواستیں دی ہیں وہ صاحبزادی امۃ الرؤوف صاحبہ بیگم سید میر مسعود احمد صاحب کے گھر سے حاصل کر لیں۔ اور حلقہ خاص کے ٹکٹ کی خواہش مند سیدہ محترمہ مہر آپا صاحبہ کے گھر سے لیں۔ لیکن جلسہ گاہ میں کسی کو ٹکٹ نہیں دیا جائے گا۔ وقفوں کے دوران گھروں سے جاکر ٹکٹ لیں۔

(جنرل سیکرٹری لجنہ اماء اللہ مرکزیہ۔ ربوہ)

ناظم صاحب اطفال

اپنا جائزہ لیں!

- کیا آپ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کو دعا کے لئے خط لکھتے رہتے ہیں؟
- کیا آپ نے مرکز سے آمدہ خطوط پر کماحقہ عمل کیا ہے؟
- کیا آپ مرکز سے باقاعدہ رابطہ رکھتے ہیں؟
- کیا آپ نے مجلس اطفال الاحمدیہ کی رپورٹ کارگزاری بروقت مرکز کو روانہ کر دی ہے؟
- کیا اس ماہ میں آپ نے اطفال کے دو اجلاس عام منعقد کروائے ہیں؟
- کیا آپ اطفال اور اُن کے والدین سے براہِ راست رابطہ قائم رکھتے ہیں؟

اگر ان کا جواب اثبات میں ہے تو بلاشبہ آپ بہترین ناظم اطفال ہیں۔

(سیکرٹری عمومی مجلس اطفال الاحمدیہ مرکزیہ)

والدین متوجہ ہوں

حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے فرمایا:۔

"مسلمانوں کی بعد میں آنے والی نسلوں نے اپنے بچوں کا خیال نہیں رکھا۔ وہ یہ سمجھے کہ ہم قرآن کریم سیکھے ہوئے ہیں، پڑھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے بچوں کی تعلیم کی طرف توجہ نہیں کی اور خیال کیا

"جدوں وڈا ہوئے گا تے آپے سکھ لئے گا"

بعض ماں باپ اس قسم کے بھی ہوتے ہیں لیکن جو بچہ بچپن میں نہیں سیکھتا "وہ وڈے ہو کے" کس طرح سیکھ لے گا۔ اسے کون سکھائے گا"

اس ارشاد کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنے بچہ کی دینی تعلیم کی طرف خصوصی توجہ دیجئے اور اُسے مجلس کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی تلقین کیجئے۔

خدا آپ کا حامی و ناصر ہو۔

(سیکرٹری عمومی مجلس اطفال الاحمدیہ مرکزیہ)

زعماء کرام مجالس انصار اللہ

زعماء کرام انصار اللہ سے گذارش ہے۔ انصار اللہ کا مالی سال ختم ہو رہا ہے۔ ایسی مجالس جن کے ذمہ ابھی بقایا ہے وہ جلد از جلد ارسال فرما کر ممنون فرمائیں۔

(قائد مال انصار اللہ ربوہ)

مطالعہ کتب

ماہ دسمبر میں خدام کے مطالعہ کے لئے حضور انور ایدہ اللہ کی تقریر آزادیٔ ضمیر اور اسلام مقرر ہے از راہ کرم خدام اس کتاب کا مطالعہ فرمائیں اور مجالس یہ کتاب مرکز سے منگوالیں۔ قیمت ۱ روپیہ

(مہتمم تعلیم خدام الاحمدیہ مرکزیہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مطالباتِ تحریکِ جدید میں سے ایک مطالبہ مقاصدِ تحریکِ جدید کی کامیابی کیلئے خاص دعائیں کرنا ہے (مہتمم تحریک جدید مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ)

قیصر ہسپتال

جہاں بذریعہ جدید طریقہ علاج ہومیوپیتھی اور کوالیفائیڈ تجربہ کار ڈاکٹروں کی زیر نگرانی لاعلاج موذی امراض کینسر، شوگر۔ دمہ۔ کالی کھانسی امراض قلب۔ بلڈ پریشر وغیرہ کا شافی علاج۔ موجود ہے۔ بذریعہ خط و کتابت علاج کی سہولت بھی ہے۔

منجانب:

ڈاکٹر ایس اے قیصر ایم ڈی ہومیو

قیصر ہسپتال بلاک وائی

وسن پورہ سکیم ۲۰ لاہور۔ فون۔ ۳۳۰۲۰۷

بالوں کو جڑنے سے روکنے کا مجرب ٹانک

چائنہ ہیئر ٹانک

المنار دواخانہ گول بازار ربوہ

ایک احمدی عورت جس کی عمر ۴۰ سال تک یا اس سے زائد ہو۔ بچے سنبھالنے اور گھر کے کام میں ہاتھ بٹانے کے قابل ہو اور شکاگو (امریکہ) میں رہائش کیلئے تیار ہو۔ کی ضرورت ہے۔ تنخواہ مناسب دی جائے گی۔ اور کرایہ وغیرہ کا انتظام بھی ہمارا ہوگا

جلسہ کے دنوں میں اگر ملاقات کی خواہشمند ہو تو گوندل کوآپریٹو سٹور گولبازار ربوہ میں بیگم ڈاکٹر بشیر احمد صاحب سے رابطہ قائم کریں

خط و کتابت مندرجہ ذیل پتہ پر کی جاسکتی ہے

بیگم ڈاکٹر بشیر احمد ۲۷ سید جمال الدین افغانی روڈ

یونیورسٹی ٹاؤن پشاور

دفتر معلومات

فوری امداد و گمشدہ اشیاء

جلسہ سالانہ کے دوران بعض اوقات کئی چیزیں گم ہو جاتی ہیں یا تبدیل ہو جاتی ہیں۔ ایسی صورت میں دفتر معلومات سے رجوع کریں جو آپ کی خدمت کے لیے انشاء اللہ ۲۲ دسمبر سے باقاعدہ دن رات کھلا رہے گا۔

- اگر آپ کو کسی جگہ کوئی بظاہر گمشدہ بچہ نظر آئے تو اس کو اس کے حال پر نہ چھوڑیں بلکہ اس کے عزیزوں کو دریافت کرنے کی کوشش کریں یا فوری طور پر دفتر معلومات میں بچہ کو پہنچا دیں۔
- اپنے بچہ کی جیب میں ایسا کارڈ ڈالے رکھیں جس پر بچے کا نام۔ ولدیت اور ربوہ میں رہائش کا پتہ درج ہو۔
- بچوں کے لیے ایسے کوائف پر مشتمل جیبی شناختی کارڈ دفتر معلومات سے حاصل کریں۔
- بچوں کے علاوہ دیگر قیمتی اشیاء کی خود حفاظت کریں۔ خدانخواستہ کوئی چیز گم ہو جائے تو فوراً دفتر معلومات میں رپورٹ درج کرائیں۔
- بچوں کو قیمتی اشیاء یا زیور وغیرہ دینے سے پرہیز کریں اور اپنی آنکھوں سے اوجھل نہ ہونے دیں۔

ناظم معلومات۔ فوری امداد و گمشدہ اشیاء

گردہ اور مثانہ کی پتھری کو ریزہ ریزہ کر کے خارج کرنے کے لئے

KIDNEY STONE COURSE

COLIC CURE TABS — درد گردہ کے فوری آرام کے لئے

CALCULI DROPS. — پتھریوں کو تحلیل کر کے خارج کرنے کیلئے

COLIC CURE. — درد گردہ سے مستقل شفاء کے لئے

دو ہفتہ کا کورس -/۶۰ ۔ ۴۰ روزہ کورس : -/150

کیوریٹو میڈیسن (ڈاکٹر راجہ ہومیو) کمپنی رجسٹرڈ پاکستان۔ لاہور۔ کراچی۔

ہیڈ آفس: ربوہ۔ فون ۶۰۶/۶۰۷

نور کاجل

پھر مارکیٹ میں ربوہ کا مشہور عالم تحفہ

آنکھوں کی صحت و خوبصورتی کیلئے بہترین سرمہ

خریدتے وقت نور کاجل اور خورشید یونانی دواخانہ ملاحظہ فرمالیں

منیجر:۔ خورشید یونانی دواخانہ (رجسٹرڈ) ربوہ

سب سے پہلے

مرض اٹھرا کی

دوا پیش کرنے والے

مشہور دواخانہ

(حکیم نظام جان مرحوم والا)

گوجرانوالہ — فون نمبر ۷۴۸۴۴

ربوہ — فون نمبر ۶۳۸

سرمہ نور والوں کا

نورانی کاجل

آنکھوں کی خوبصورتی اور صفائی کا ضامن

قیمت فی شیشی:۔ -/۲ ، -/۴

اکسیر بواسیر

بواسیر کی مجرب دوا

قیمت فی شیشی:۔ -/۳۰

سرمہ نور (رجسٹرڈ)

قادیان کا قدیمی مشہور، عالم بے نظیر تحفہ

قیمت فی شیشی:۔ -/۲ ، -/۴

مرکب افسنتین

تبخیر معدہ، جگر، معدہ کی پرانی کمزوری کی مجرب دوا

قیمت فی شیشی:۔ -/۳۰

زد جام عشق

اعضائے رئیسہ کی مجرب دوا

قیمت فی کورس:۔ -/۳۲۵

تریاق معدہ

تبخیر، بدہضمی، پیٹ درد کی مجرب دوا

قیمت فی شیشی -/۳ ، -/۶

شفاخانہ رفیق حیات (رجسٹرڈ)

گولبازار ربوہ

ٹرنک بازار سیالکوٹ

مطالباتِ تحریکِ جدید میں سے ایک مطالبہ سادہ زندگی بسر کرنا ہے • مہتمم تحریک جدید مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ

ماہنامہ مصباح کا حضرت سیدہ منصورہ بیگم نمبر

دسمبر، جنوری کے نمبروں پر مشتمل مصباح کا سالانہ نمبر شائع ہو چکا ہے۔ امید ہے کہ خریداروں کو پہنچ گیا ہوگا۔ یا عنقریب پہنچ جائیگا۔ انشاء اللہ۔

ماہ فروری کا پرچہ حضرت سیدہ منصورہ بیگم صاحبہ نور اللہ مرقدہا کے مبارک ذکر اور آپ کے اوصاف حمیدہ کے تذکرہ پر مشتمل ہوگا۔

بہنیں جلد سے جلد اس نمبر کے لیے مضامین بھجوانے کی کوشش کریں۔ یہ مضامین آپ کی دینی خدمات اور زندگی کے اہم حالات و واقعات پر مشتمل ہونے چاہئیں۔

شعرائے کرام اس نمبر کے لیے جلد از جلد اپنی نظمیں بھی ارسال کر کے مصباح کی قلمی معاونت فرمائیں۔ مضامین اور نظمیں پانچ جنوری تک مل جانے چاہئیں۔ شکریہ!

(امۃ اللطیف خورشید — مدیرہ مصباح ربوہ)

ہڈیوں کے ڈھانچوں پر
گوشت پوست چڑھانے والی
نایاب دوا
"پیور الفلفا ٹانک کورس"
استعمال کیجئے۔ یہ ٹانک بھوک بڑھاتا۔ پوری غذا جزو بدن بناتا اور ہر قسم کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ قیمت -/۲۰
شاہ ہومیو پیتھک سٹور
رحمت بازار ربوہ

نہایت سستہ فرنیچر
برائے فروخت
مستعمل، اچھی حالت میں مضبوط فرنیچر مثلاً بنچ۔ سٹول۔ میزیں وغیرہ نہایت ارزاں برائے فروخت دستیاب ہے
نذر محمد خالد بھٹی
مکان ۶/ گلی دفتر الفضل ربوہ

ممبران تحریک جدید برائے سال ۱۳۶۱ ہش / ۱۹۸۲ء

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے سال ۱۹۸۲ء (۱۳۶۱ ہش) کیلئے مندرجہ ذیل ممبران مجلس تحریک جدید کی منظوری عطا فرمائی ہے۔

۱۔ خاکسار مرزا مبارک احمد	وکیل اعلیٰ و وکیل التبشیر
۲۔ میاں عبدالرحیم احمد صاحب	وکیل الدیوان
۳۔ چودھری مبارک مصلح الدین احمد صاحب	وکیل المال ثانی
۴۔ چودھری شبیر احمد صاحب	وکیل المال اوّل
۵۔ مولوی نور محمد نسیم سیفی صاحب	وکیل التعلیم
۶۔ مولوی نذیر احمد صاحب مبشر	ناظم دارالقضاء
۷۔ صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب	ناظر اعلیٰ صدر انجمن احمدیہ
۸۔ محمود احمد صاحب	صدر مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ
۹۔ مجیب الرحمٰن صاحب ایڈووکیٹ	امیر جماعت احمدیہ راولپنڈی
۱۰۔ چودھری حمید نصر اللہ خان صاحب	امیر جماعت احمدیہ لاہور
۱۱۔ شیخ محمد احمد صاحب مظہر	امیر جماعت احمدیہ فیصل آباد
۱۲۔ چودھری انور حسین صاحب	امیر جماعت احمدیہ شیخوپورہ

درخواست دعا

• میری والدہ صاحبہ محترمہ لیڈی ڈاکٹر رضیہ اقبال کچھ دن سے دوبارہ السر کے حملہ سے سخت بیمار ہوگئی ہیں۔ ہر وقت دعاؤں کی ضرورت ہے۔ پہلے سے اب حالت بہتر ہے۔ خاندان حضرت اقدس و سب بہن بھائیوں سے درخواست ہے کہ دعا فرمائیں۔ اسی طرح میری خالہ جان بھی عرصہ دو سال سے بیمار ہیں۔ ان کی صحت یابی کے لئے بھی دعا فرمائیں۔

(میر نعیم اللہ خان۔ رحمت بازار ربوہ)

خوشخبری — خوشخبری — خوشخبری
خدا تعالیٰ کے فضل سے
شکور پارک ہاؤسنگ سکیم ربوہ



عنقریب حکومت پنجاب سے منظور کروا کر آپکی خدمت کیلئے ۱۰-۱۰ مرلہ اور ۵-۵ مرلہ والے رہائشی پلاٹ فروخت کئے جائیں گے۔ شکور پارک کے ایک طرف ساہیوال روڈ ۶۴ فٹ اور دوسری طرف دارالرحمت شرقی ب ۴۰ فٹ اور درمیان میں ۲۵ فٹ کھلی سڑکیں ہوں گی۔ درمیانی سڑکیں پختہ تعمیر بمعہ پانی کے نکاس کی نالیاں ہونگی۔ شکور پارک میں بجلی اور میٹھا پانی، سوئی گیس اور ٹیلیفون کی سہولت مہیا کی جائے گی۔ انشاء اللہ العزیز نیز ایباسط کالونی اور دارالفتوح اے بلاک میں صرف چند پلاٹ قابل فروخت ہیں احباب توجہ فرما کر جلد خرید فرمائیں۔

پروپرائیٹر۔ حاجی عبدالسمیع
۱۶/۲۵ باسط منزل محلہ دارالرحمت شرقی ب
ربوہ فون ۴۱۶

Digitized by Khilafat Library Rabwah